سالانہ امتحان — معاشیات — 2007

نوٹ: کل پانچ سوال حل کریں ہر حصہ سے دو سوال حل کریں سوال نمبر 8 لازمی ہے جس کے 12 نمبر ہیں باقی ہر سوال کے 22 نمبر ہیں۔

حصہ اول

سوال ۱: معاشی احتیاجات سے کیا مراد ہے؟ معاشی احتیاجات کی خصوصیات تفصیل سے بیان کریں۔

سوال ۲: قیمت کا تعین کس طرح ہوتا ہے؟ خاکہ اور گوشوارہ کی مدد سے بیان کیجئے۔

سوال ۳: قانون طلب کی تعریف اور اسکی وضاحت کریں نیز اس کے مفروضات بھی لکھئے۔

سوال ۴: مندرجہ ذیل میں سے کسی تین پر مختصر نوٹ لکھیں؟ 1: افادہ 2: قدر 3: سرمایہ 4: اعتباری زر

حصہ دونم

سوال ۵: پاکستان کی اہم درآمدات اور برآمدات تفصیل سے بیان کریں۔

سوال ۶: بینک کی تعریف کریں اور تجارتی بینک کے اہم فرائض لکھیں۔

سوال ۷: غیر ملکی تجارت سے کیا مراد ہے؟ اس کے فائدے اور نقصانات بیان کریں۔

سوال ۸: (الف) درست جملوں کے سامنے درست اور غلط جملوں کے سامنے غلط لکھئے۔

(۱) ہنڈی کم مدت کے قرضوں کی ایک مثال ہے ( )

(۲) نیشنل بینک آف پاکستان 1948ء میں قائم ہوا۔ ( )

(۳) سرمایہ کے معاوضہ کو نفع کہتے ہیں۔ ( )

(۴) زر وہ ہے جو زر کا کام کرے۔ ( )

(ب) مندرجہ ذیل دیئے گئے جوابات میں درست کا انتخاب کر کے خالی جگہوں کو پر کریں۔

(۱) ....کو بابائے معاشیات کہا جاتا ہے۔ (ریکارڈو' مارشل' آدم اسمتھ)

(۲) پاکستان کا مرکزی بینک............ہے (اسٹیٹ بینک' نیشنل بینک' حبیب بینک)

(۳) پاکستان کی اہم نقد آور فصل............ہے۔ (کپاس۔ چائے۔ پٹ سن)

(۴) زکوۃ سالانہ............شرح سے دی جاتی ہے۔ (1.5% 2.5% 3.5%)